سوال

(161)اولادکی مشابہت نہ ہونے کی وجہ سے بیوی کے بارے میں شک

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں ایک شادی شدہ آدمی ہو، میری بیوی نےچھ بچوں کو جنم دیا ہے لیکن میرے اور بعض بچوں کے درمیان مشابہت نہ ہونے کی وجہ سے مجھے اس کے کردار میں شک ہے، سوال یہ ہے کیا مشابہت نہ ہونے کی وجہ سے شک کیا جاسکتا ہے؟ مجھے کیا کرنا چاہیے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کی بیوی اگرکسی ایسے بچے کو جنم دے جس کی مشابہت مشتبہ ہو تواس کی طرف توجہ نہیں دینی چاہیے کیونکہ صحیحین میں حدیث ہے کہ ایک آدمی نبی اکرمﷺ کی خدمت میں حاضر ہوااورکہنے لگا :

''یارسول اللہﷺ: میری بیوی نے ایک کالے رنگ کے بچے کو جنم دیا ہے، جبکہ اس آدمی اوراس کی بیوی کا رنگ کالا نہ تھا لہٰذا وہ اس کے بچے کے بارے میں شبہ کا اظہار کررہا تھا تو نبیﷺ نے فرمایا کہ کیا تمہارے پاس اونٹ ہیں؟ اس نے جواب دیاجی ہاں۔ آپﷺ نے فرمایا: ان کا رنگ کیسا ہے؟ اس نے جواب دیا، سرخ، نبیﷺ نے فرمایا: کیا ان میں کوئی مٹیالے رنگ کا بھی ہے؟ اس نے جواب دیاجی ہاں آپﷺ نے فرمایا اس کا رنگ مٹیالا کیوں ہے؟ اس نے جواب دیا کہ شاید اسے کوئی رگ کھینچ لائی ہو، آپﷺ نے فرمایا کہ ہوسکتا ہے کہ اسے بھی کوئی رگ کھینچ لائی ہو۔''

آپ کو معلوم نہیں، ہوسکتا ہے کہ آپ کے یا آپ کی بیوی کے آباؤاجداد میں سے کسی کے ساتھ ان بچوں کی مشابہت ہو جن کے بارے میں آپ کو شبہ ہے لہٰذا اس شبہ کی طرف توجہ نہ دیں اوراللہ تعالیٰ شیطان مردود سے پناہ مانگیں، جب تک آپ کی بیوی صحیح ہے آپ کے دل میں اس کے بارے میں شک نہیں ہونا چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ